جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم میں عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے بعد دوبارہ اسباق کا آغاز: الحمدللہ دارالعلوم میں عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے بعد دوبارہ اسباق کا آغاز زوروشور سے شروع ہوگیا ہے۔ اور ازسرنو دارالعلوم کی رونقیں بحال ہوگئیں ہیں اور امتحانات کی تیاریاں زوروشور سے طلباء کررہے ہیں۔

مغربی میڈیا کے نمائندوں کی دارالعلوم آمد: دارالعلوم کی عالمی مسلمہ حیثیت کے پیش نظر یہاں مغربی میڈیا (پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا) کے نمائندوں کی آمد حسب سابق رواں دواں ہے۔ اسی سلسلہ میں پولینڈ سے ایک ٹیم نے جسکے نمائندہ ایرک ڈی لاویرن اور انکے ساتھ نے دارالعلوم کا مسلسل دو دن تک دورہ کیا اور طلباء وعلماء سے تفصیلی انٹرویوز لئے۔ اس سے قبل رچرڈ اینجل' این بی سی نیوز کے مشرق وسطیٰ کے نمائندہ نے حضرت مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویولیا۔ اس سے قبل بلجئیم کے ایک بڑے پرائیویٹ چینل کی ٹیم نے بھی دارالعلوم کا دورہ کیا اور حضرت مولانا مدظلہ سے موجودہ اور عالمی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اسکے علاوہ فرانس کے معروف اخبار کے نمائندے بھی دارالعلوم دودفعہ تشریف لائے اور انہوں نے بھی حضرت مولانا مدظلہ سے تفصیلی انٹرویوریکارڈ کیا۔ اسیطرح پاکستان کے معروف پرائیویٹ ٹی وی چینل سی این بی سی کی ٹیم نے بھی دارالعلوم آکر اسکے مختلف شعبہ جات کی ریکارڈنگ کی اور پھر موجودہ اور عالمی صورتحال پر حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے تفصیلی ایک گھنٹہ کا انٹرویوریکارڈ کیا۔ جسے عنقریب ہی پوری دنیا میں نشر کیا جائیگا۔

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کا تعزیت کیلئے نوڈیرو کا سفر: محترمہ بے نظیر بھٹو کے حادثہ قتل پر قائد جمعیت حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ایک بڑے وفد کیساتھ مورخہ ۳ رجنوری کو نوڈیرو سندھ گئے۔ کراچی' سکھر' نواب شاہ' حیدرآباد وغیرہ کے علماء اور پارٹی رہنما ان کے ساتھ تھے' مرحومہ کے شوہر آصف علی زرداری سے تعزیت کی۔ اس سفر کا کچھ تفصیلی ذکر اس شمارہ کے نقش آغاز (اداریہ) میں ملاحظہ فرماسکتے ہیں۔

دارالعلوم کے اساتذہ کرام کا سفر حج: دارالعلوم حقانیہ سے الحمدللہ اس سال بھی فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے استاذ الحدیث حضرت مولانا عبدالحلیم صاحب مدظلہ عرف دیر بابا' مدیر الحق مولانا راشد الحق صاحب' مولانا سعیدالرحمن صاحب۔ مولانا سید احمد شاہ حقانی صاحب اور ناظم کتب خانہ مولانا احسان الکریم صاحب تشریف لے گئے تھے۔ الحمدللہ تمام حضرات دارالعلوم واپس تشریف لے آئے ہیں۔ ان حضرات نے دارالعلوم کے فضلاء' چندہ دھندگان' محبین' مخلصین اور خصوصاً قارئین الحق کیلئے خصوصی دعائیں مقامات مقدسہ میں مانگیں۔ ادارہ ان تمام حضرات کو اس مقدس فریضہ کی ادائیگی پر صمیم قلب سے مبارکباد پیش کرتا ہے۔